**پریس ریلیز**

# وافی انرجی پاکستان لمیٹڈ (سابقہ شیل پاکستان لمیٹڈ) پاکستان میں خواتین ڈرائیوروں کو بااختیار بنانے کے لیے کوشاں

**کراچی، پاکستان، 06مارچ،2025:** خواتین کے عالمی دن2025 کی مناسبت سے وافی انرجی پاکستان لمیٹڈ (سابقہ شیل پاکستان لمیٹڈ) نے بحریہ فلنگ اسٹیشن، کراچی میں گاڑیوں کی دیکھ بھال اور حفاظت سے متعلق آگاہی سیشن منعقد کیا۔ اس سیشن کا مقصد خواتین ڈرائیوروں کو گاڑیوں کی دیکھ بھال کے لیے ضروری مہارتوں سے آراستہ کرنا، سڑک پر ڈرائیونگ کے دوارن اعتماد پیدا کرنا اور حفاظت کو فروغ دینا تھا۔

سیشن کے دوران، خواتین شرکاء نے گاڑی کی ضروری دیکھ بھال کے طریقوں مثلاً آئل چینج ، ٹائروں کا پریشر چیک کرنا، ڈیش بورڈ انڈیکیٹرز کوسمجھنا اور ایندھن کے معیار کی پہچان کی تربیت حاصل کی۔ اس سیشن میں روڈ سیفٹی اور ایمرجنسی ہینڈلنگ کے حوالے سے بھی ماہرین نے رہنمائی کی جس سے خواتین کو ڈرائیونگ کے دوران زیادہ خود پر انحصار کرنے اور محفوظ محسوس کرنے کے لیے بااختیار بنایا گیا۔

اس اقدام کے بارے میں وافی انرجی پاکستان کے چیف ایگزیکٹو آفیسر، زبیر شیخ نے کہا کہ ”وافی انرجی میں ہم خواتین کے لیے محفوظ اور آزادانہ نقل و حرکت کو ممکن بنانے کی اہمیت کو تسلیم کرتے ہیں۔ اس اقدام کے ذریعے، ہمارا مقصد خواتین ڈرائیوروں کو ایسا علم اور طریقے فراہم کرنا ہے جو اُن کے اعتماد اور سڑک پر حفاظت دونوں کو فروغ دیتے ہیں۔ شمولیت کے لیے ہمارے جاری عزم کے ایک جزو کے طور پر، ہم ایسے پروگرام کرتے رہیں گے جو اُن برادریوں پر بامعنی اثر ڈالتے ہیں جن کی ہم خدمت کرتے ہیں۔“

یہ اقدام وافی انرجی کی عالمی یوم خواتین 2025، #AccelerateAction کے موضوع کے ساتھ وابستگی کی عکاسی کرتا ہے، کیونکہ کمپنی موبیلیٹی سیکٹر میں خواتین کو بااختیار بنانے کی وکالت کرتی ہے۔

***